# 02-10-2024 WEDNESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆ بابائے قوم گاندھی جی کو ان کے 155 یوم پیدائش کے موقع پر آج بھر پور خراج پیش کیا گیا۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے ہر کسی پر زور دیا ہے کہ صفائی کو اپنی زندگی کا ایک حصہ بنائیں۔

☆ مرکزی وزیر کشن ریڈی نے اس بات کا یقین دلایا ہے کہ موسیٰ ندی کو خوبصورت بنانے کے پراجکٹ کے تحت بے گھر ہونے والے افراد کے ساتھ بی جے پی کھڑی رہے گی۔

☆ تلنگانہ کا ثقافتی بتکماں تہوار آج سے شروع ہوا۔

☆☆☆☆☆

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج سبھی لوگوں پر دیا ہے کہ وہ صفائی ستھرائی کو اپنی زندگی کا ایک اہم حصہ بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ سووچھتا محض ایک مرتبہ کا وعدہ نہیں، بلکہ زندگی بھر کا عزم ہے۔ 'سووچھ بھارت مشن' کے دس سال مکمل ہونے کے موقع پر نئی دلی میں 'سووچھتا ہی سیوا 2024' پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے مودی نے زور دے کر کہا کہ صاف ستھرے ہندوستان کی حصولیابی کے لئے مسلسل کوششیں کی جانی چاہئیں۔ انہوں نے اس بات کو اجاگر کرتے ہوئے کہ 'سووچھ بھارت مشن' کی کامیابی میں سبھی نے اپنا تعاون کیا ہے، صفائی ستھرائی کو ایک جن آندولن بنانے میں 140 کروڑ ہم وطنوں کے غیر متزلزل جذبہ کو سلام پیش کیا۔ مودی نے سووچھ بھارت مشن کی کامیابی میں سبھی ہم وطنوں، صفائی کرمچاریوں، مذہبی رہنماؤں، اتھلیٹس، مشہور و معروف شخصیات، غیر سرکاری تنظیموں' این جی اوز اور میڈیا کے افراد کے گراں قدر تعاون کی ستائش کی۔ وزیر اعظم نے اس موقع پر صفائی ستھرائی سے متعلق 9,600 کروڑ روپے مالیتی پراجیکٹوں کو شروع کیا۔ انہوں نے کہا کہ مشن Amrut کے تحت، مختلف شہروں میں پانی اور آلودہ پانی کو صاف کرنے کے پلانٹس لگائے جائیں گے۔ اس موقع پر، وزیر اعظم نے کچرے اور گندے پانی کی نکاسی اور صفائی ستھرائی سے متعلق 9 ہزار 600 کروڑ روپے کے زیادہ مالیت کے مختلف پروجیکٹوں کا آغاز کیا۔ ان پروجیکٹوں میں AMRUT اور AMRUT-2.0 پہل قدمیوں کے تحت، صاف ستھری گنگا کا قومی مشن، شامل ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکزی وزیر کوئلہ جی کشن ریڈی نے آج تیقن دیا کہ بی جے پی ان لوگوں کے ساتھ کھڑی رہے گی جو موسی ندی کو خوبصورت بنانے کے پراجیکٹ کی وجہ سے بے گھر ہوئے ہیں۔ انہوں نے حیدر آباد کے موسی رام باغ میں امبیڈکر نگر، تلسی نگر اور کرشنا نگر میں متاثرہ خاندانوں کا دورہ کر کے متاثرہ افراد کو تسلی دی۔ ان سے بات کرتے ہوئے انہوں نے یقین دلایا کہ انہدام کی صورت میں وہ ان کے ساتھ کھڑے ہوں گے۔ انہوں نے ان سب کو یقین دلایا کہ بی جے پی ان کے لیے اور ان کے انصاف کے لیے لڑے گی۔ انہوں نے کہا کہ بے گھر ہونے والوں کے ساتھ رہنا ان کی ذمہ داری ہے۔ لوگ مرکزی وزیر کے پاس جمع ہوئے اور ان سے اپیل کی کہ اگر وہ اپنا گھر کھودیتے ہیں تو وہ سب کچھ کھودیتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

بابائے قوم گاندھی جی کو آج ان کے 155 ویں یوم پیدائش پر بھر پور خراج پیش کیا گیا۔ ملک بھر میں اور بیرونی ممالک میں موجود ہندوستانی سفارتخانوں کی جانب سے مختلف پروگراموں کا اہتمام کیا گیا۔ نئی دہلی میں واقع راج گھاٹ پر باپو کی سمادھی پر سرو دھرما پراتھنا سبھا منعقد کی گئی۔ ریاست تلنگانہ میں مختلف لیڈرس اور عہدیداروں نے گاندھی جی کے مجسموں اور پوٹریٹس پر گلہائے عقیدت پیش کئے۔ اس موقع پر گاندھی جی کی ملک کے لئے انجام دی گئی خدمات اور سچائی و عدم تشدد سے متعلق ان کی تعلیمات کو یاد کیا گیا۔ حیدر آباد میں گورنر جیشنو دیو ورما نے لنگر حوض میں واقع باپو گھاٹ پہنچ کر گاندھی جی کو بھر پور خراج پیش کیا۔ حیدر آباد کے انچارج وزیر پونم پربھاکر بھی اس موقع پر موجود تھے۔ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے گاندھی جی کو خراج پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ گاندھی جی جدوجہد آزادی کے مشعل راہ تھے۔ تلنگانہ کے تمام اضلاع میں بھی گاندھی جینتی تقاریب منائی گئی۔

وزارت داخلی امور نے آج ہندوستانی شہریوں کومشورہ دیا ہے کہ غیرضروری طور پر ایران کا سفر کرنے سے گریز کیا جائے۔ ایک ٹراویل ایڈوائزری میں وزارت نے ایران میں موجود ہندوستانی شہریوں سے خواہش کی کہ چوکس رہیں اور تہران میں واقع ہندوستانی سفارتخانہ سے ربط میں رہیں۔ وزارت خارجی امور نے مزید کہا کہ اس کی جانب سے علاقہ میں پائی جانے والی سلامتی کی صورتحال پر قریبی نظر رکھی جارہی ہے۔

☆☆☆☆☆

گاندھی جی کے 155 ویں یوم پیدائش کو مناتے ہوئے آج امورنوجوان واسپورٹس کی وزارت کی جانب سے نئی دہلی میں قومی سطح کی فٹ انڈیا سوچھ فریڈم رن کے پانچویں ایڈیشن کا آغاز کیا گیا۔ یہ رن آج سے شروع ہوئی جو تمام ریاستوں اور مرکزی زیر انتظام علاقوں میں منعقد کی جائے گی۔ سردار ولبھ بھائی پٹیل کے یوم پیدائش کے پیش نظر اکتیس اکتوبر کو یونٹی رن کا بھی اہتمام کیا جائے گا۔

☆☆☆☆☆

آنجہانی وزیراعظم لال بہادر شاستری کو بھی ان کے 120 ویں یوم پیدائش پر آج خراج پیش کیا جارہا ہے۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے اپنے نعرے جئے جوان جئے کسان کے ذریعہ قوم کو بیدار کرنے پر لال بہادر شاستری کوخراج پیش کیا۔

☆☆☆☆☆

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے سکندرآباد میں واقع گاندھی چوک پہنچ کر گاندھی جی کے مجسمہ پر پھول چڑھائے۔ بعدازاں سوچھ بھارت ابھیان پروگرام کے تحت انہوں نے کلاسی گوڑہ پارک لائن روڈ پر مقامی افراد کے ہمراہ سڑکوں کی صفائی میں حصہ لیا۔ اس موقع پر کشن ریڈی نے کہا کہ سوچھ بھارت حکومت کا پروگرام نہیں ہے بلکہ یہ عوامی تحریک ہے۔

☆☆☆☆☆

ضلع راجنا سرسلہ میں واقع ویملواڑہ ایریا ہاسپٹل کو تیسری مرتبہ کایاکلپا ایوارڈ دیا گیا۔ یہ ایوارڈ حکومت کی جانب سے ہر سال دیا جاتا ہے۔ تلنگانہ بھر میں تقریباً 100 ایریا ہاسپٹلس موجود ہیں جبکہ یہ ایوارڈ تین طرح کے معاملات پر دیا جاتا ہے۔ ہاسپٹل کے سپرنٹنڈنٹ پنچالیا اور آرایم او سنتوش چاری نے آکاش وانی کو بتایا کہ انہیں تیسری مرتبہ یہ ایوارڈ حاصل کرنے پر کافی خوشی ہوئی ہے۔

☆☆☆☆☆

سرکاری ملازمین کی ایک بڑی تعداد نے جو جی او 317 سے متاثر ہے، آج حیدرآباد میں واقع گاندھی بھون میں بڑے پیمانے پر احتجاج کیا اور حکومت سے اپنے مسائل کو حل کرنے کا مطالبہ کیا۔ احتجاجی جو تمام اضلاع سے آئے ہوئے تھے، گاندھی بھون کے سامنے بیٹھ گئے جس کی بناء پر نامپلی روڈ پر ٹرایفک میں شدید خلل پڑا۔ صورتحال پر قابو پانے کیلئے پولیس کو بڑی تعداد میں متعین کیا گیا۔

☆☆☆☆☆

ویملواڑہ بلدیہ کے کمشنر سمپت ریڈی نے کہا کہ سوچھتا ہی سیوا پروگراموں کو ضلع راجنا سرسلہ کے ویملواڑہ میں کامیابی کے ساتھ منعقد کیا گیا ہے۔ انہوں نے آل انڈیا ریڈیو کو بتایا کہ اس پروگرام کے تحت ویملواڑہ ٹاؤن میں روزانہ ایک کے حساب سے اٹھارہ خصوصی پروگرام منعقد کیے گئے۔ انہوں نے کہا کہ حفظان صحت کے ملازمین کیلئے میڈیکل چیک اپ کا بھی اہتمام کیا گیا۔ اس کے علاوہ طلبہ کی جانب سے ریالیاں نکالی گئیں اور کلچرل پروگرام منعقد کیے گئے۔

☆☆☆☆☆

بھدراچلم میں واقع ماروتی نرسنگ کالج میں پولیس کے عہدیداروں کی جانب سے شی ٹیم اور سائبر جرائم کے تعلق سے نرسنگ کے طلبہ کیلئے شعور بیداری پروگرام منعقد کیا گیا۔ پولیس عہدیداروں نے اس موقع پر کہا کہ اگر کسی کو ہراسانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے تب اُسے فوری شی ٹیم سے ربط پیدا کرنا چاہئے۔ اس کے علاوہ سائبر جرائم کے معاملہ میں ٹال فری نمبر 1930 پر کال کرنے کا بھی مشورہ دیا گیا۔

☆☆☆☆☆

ضلع کریم نگر میں گاندھی جینتی بڑے پیانے پر منائی گئی۔ مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے کمار نے کریم نگر ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرس میں گاندھی جی کے مجسمہ پر پھول چڑھائے۔ بعدازاں انہوں نے کھادی اسٹال سے کھادی کے کپڑے خریدے۔

☆☆☆☆☆

وزیر کونڈا سریکھا نے کہا ہے کہ انہوں نے انہیں ٹرول کرنے کے معاملہ میں بعض سوشیل میڈیا اکاؤنٹس کے خلاف سائبر کرائم پولیس میں شکایت درج کرائی ہے۔ سریکھا نے کہا کہ انہیں ریاست میں تین اکاؤنٹس اور دبئی سے بھی تین اکاؤنٹس کے ذریعہ ٹرول کیا گیا۔ اسی دوران بی آر ایس کے کارگذار صدر تارک راما راؤ نے وضاحت کی ہے کہ سریکھا کے تعلق سے کئے گئے سوشیل میڈیا پوسٹ سے ان کی پارٹی کا کوئی تعلق نہیں ہے۔

☆☆☆☆☆

وزیراعظم نریندر مودی نے ضلع محبوب آباد کے منڈل کتہ گوڑم کے موضع پوگلا پلی میں ایکلاویا ماڈل اقامتی اسکول کا افتتاح کیا۔ انہوں نے جھارکھنڈ سے ویڈیو کے ذریعہ یہ افتتاح انجام دیا۔ اس موقع پر کلکٹر کمار سنگھ، پراجکٹ ڈائرکٹر چترا مشرا اور ایڈیشنل کلکٹر ڈیوڈ بھی موجود تھے۔

☆☆☆☆☆

گاندھی جینتی کے موقع پر کریم نگر کی ضلع جیل میں قیدیوں کا دن پروگرام منعقد کیا گیا۔ اس موقع پر کلکٹر پامیلا ستا پتی نے سماج پر زور دیا کہ جیل سے رہا ہونے والے افراد کی حمایت کی جائے۔ کریم نگر پولیس کمشنر ابھیشک موہنتی نے کہا کہ قیدیوں کے مسائل کو دور کیا جا رہا ہے۔

☆☆☆☆☆

حیدرآباد میں پانچ اکتوبر کو ایک میگا جاب میلہ منعقد کیا جائے گا۔ یہ جاب میلہ خواجہ منشن مانصاحب ٹینک میں صبح سات بجے سے ایک بجے دوپہر منعقد ہوگا۔ اس تلنگانہ جاب فیئر کا اہتمام منان خان اور ٹی ڈبلیو جی انٹرنیشنل کی جانب سے کیا جائے گا۔ داخلہ مفت رہے گا۔ دیگر تفصیلات کیلئے 8374315052 پر ربط کیا جاسکتا ہے۔

☆☆☆☆☆

بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ نے اعلان کیا ہے کہ تلنگانہ بھون میں پارٹی کی قانونی ٹیم دستیاب رہے گی تاکہ موسیٰ ندی پراجکٹ کے متاثرین کی مدد کی جاسکے۔ کے ٹی آر نے کہا کہ حیڈرا کی کاروائی سے متاثرہ افراد قانونی مدد کیلئے ان کی پارٹی سے رجوع ہوسکتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ کا ثقافتی تہوار بتکماں آج سے شروع ہوا۔ 9 دن خواتین بتکماں کھیلیں گی۔ حکومت اسے ریاستی تہوار کے طور پر منا رہی ہے۔ رویندرا بھارتی میں روزانہ شام میں محکمہ ثقافت کی جانب سے بتکماں تقاریب منعقد کی جائیں گی۔ آخری دن اس ماہ کی دس تاریخ کو ٹینک بنڈ پر سدّ ولا بتکماں تقاریب منعقد ہوں گی۔ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے بتکماں تہوار کے موقع پر خواتین کو مبارکباد دی۔

☆☆☆☆☆